**Series ZZYY1/4**

**SET-2**

کیو۔پی۔کوڈ

**Q. P. Code** **48/4/2**

رول نمبر

Roll No.

طالب علم کیو۔پی۔کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# سوشل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

## (Urdu Version)

حاصل وقت : 3 گھنٹے

کل نمبر: 80

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 80*

- برائے مہربانی جانچ لیں کہ اس پرچہ سوالات میں **14** چھپے ہوئے صفحات اور **ایک نقشہ** ہیں۔
- پرچہ سوالات کے دائیں جانب دیے ہوئے کیو۔پی۔کوڈ کو امیدوار جواب کی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
- برائے مہربانی جانچ لیں کہ اس پرچہ سوالات میں **37** سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا سلسلہ نمبر، اپنی جواب کی کاپی میں، سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے، لکھیں۔**
- اِس پرچہ سوالات کو پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ سوالات 10.15 بجے (صبح) تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طالب علم صرف پرچہ سوالات پڑھیں گے اور اس دوران اپنی جواب کی کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **14** printed pages + **ONE MAP.**
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **37** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10. 15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

#

**عام ہدایات :**

**مندرجہ ذیل ہدایات کو بہ غور پڑھیں اور ان پر عمل کریں :**

(i) اس سوالنامے میں **37** سوال ہیں۔ تمام سوال کرنے لازمی ہیں۔

(ii) سوالنامے میں **6** حصّے **A**، **B**، **C**، **D**، **E** اور **F** ہیں۔

(iii) حصّہ۔**A** میں۔ سوال نمبر 1 تا سوال نمبر 20 کثیر اختیاراتی سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال **1** نمبر کا ہے۔

(iv) حصّہ۔**B** میں۔ سوال نمبر 21 تا سوال نمبر 24 بہت چھوٹے جواب کے ہیں ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 40 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(v) حصّہ۔**C** میں۔ سوال نمبر 25 تا سوال نمبر 29 چھوٹے جواب کے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال **3** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 60 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(vi) حصّہ۔ **D** میں سوال نمبر 30 تا سوال نمبر 33 لمبے جواب کے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال **5** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 120 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(vii) حصّہ۔**E** میں سوال نمبر 34 تا 36 **کیس پر مبنی سوالات** ہیں ہر ایک سوال کے 3 ذیلی سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال **4** نمبر کا ہے۔

(viii) حصّہ۔**F** میں سوال نمبر 37 نقشہ کا سوال 5 نمبر کا ہے۔ جس کے دو حصّے ہیں۔ 37 (i) ہسٹری سے 2 نمبر کا ہے اور 37 (ii) جغرافیہ سے 3 نمبر کا ہے۔

(ix) اس سوالنامے میں مجموعی طور پر کوئی انتخاب (Choice) نہیں ہے۔ حالانکہ کچھ سوالوں میں اندرونی انتخاب کرنے کا اختیار (Internal Choice) دیا گیا ہے۔ ان سوالوں میں سے صرف **ایک** سوال کا ہی جواب لکھنا ہے۔

(x) اس کے علاوہ ہر ایک حصّے میں اور ہر ایک سوال کے ساتھ جہاں ضروری ہے۔ ہدایات دی گئی ہیں۔

## حصہ-A

(کثیر متبادل والے سوالات) (20×1=20)

**1.** انسانی ترقی سے متعلق درج ذیل بیانات کو پڑھیے اور صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ 1

(I) یہ یونائیٹڈ نیشن ڈولپمنٹ پروگرام (UNDP) کے ذریعے تیار کیا گیا ایک ترتیب دیا گیا اشاریہ (Composite Index) ہے

(II) اس کی پیمائش کے لیے لمبی عمر، خواندگی اور فی کس آمدنی معیار ہے۔

(III) ترقی یافتہ اور کم ترقی پذیر ملکوں کے مطابق ملکوں کی رینکنگ (Ranking) کی جاتی ہے۔

(IV) عالمی بینک زندگی کی کوالٹی کی بنیاد پر انسانی ترقی کی رپورٹ تیار کرتے ہیں۔

جواب :

(a) I اور II (b) II اور III

(c) I اور III (d) II اور IV

**2.** ہندوستانی حکومت نے 1991 میں تجارت کے اصولوں میں نرمی پیدا کیوں کی یا لبرلائز (Liberalize) کیوں کیا؟ 1

(a) حکومت غیر ملکی زر مبادلہ کو ہندوستانی زر کے برابر لانا چاہتی تھی۔

(b) حکومت مغربی ملکوں کے ساتھ اچھے تعلقات بنائے رکھنا چاہتی تھی۔

(c) حکومت چاہتی تھی کہ ہندوستانی پیداکار پوری دنیا کے پیداکاروں کے ساتھ مسابقت کریں۔

(d) حکومت چاہتی تھی کہ سبھی کو سماجی و معاشی انصاف ملے۔

**3.** درج ذیل میں سے ہندوستان کے کس سیکٹر (شعبہ) کی 'مجموعی ملکی پیداوار' (GDP) میں حصّہ داری زیادہ ہے۔ 1

(a) ابتدائی شعبہ (b) ثانوی شعبہ

(c) ثالثی شعبہ (d) رابعی شعبہ

**4.** درج ذیل میں سے انسانی ترقیاتی اشاریہ (Human Development Index) میں کس ملک کا بہتر مقام ہے؟ 1

(a) افغانستان (b) میںمار

(c) ہندوستان (d) نیپال

**5.** درج ذیل میں سے کون سا صحیح جوڑا (ملان) ہے؟ 1

(a) اسوبی یا سیلابی مٹی - جس میں ریت اور سِلٹ ہوتی ہے۔

(b) کالی مٹی - جس میں نمک کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے۔

(c) بنجر یا خشک مٹی - جس میں منتشر لوہے کا پھیلاؤ ہوتا ہے۔

(d) لیٹرائٹ مٹی - جولاوا کی روانی سے بنی ہوتی ہے۔

**6.** کالم-1 سے کالم-2 کا صحیح جوڑ ملایئے۔اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔ 1

| | **کالم-1 (ذرائع)** | | **کالم-2 (مثال)** |
|---|---|---|---|
| (I) | نامیاتی | 1. | کوئلہ |
| (II) | قابل تجدید | 2. | جنگلی جانور |
| (III) | ناقابل تجدید | 3. | شمسی توانائی |

**جواب :**

| | I | II | III |
|---|---|---|---|
| (a) | 1 | 3 | 2 |
| (b) | 3 | 2 | 1 |
| (c) | 2 | 3 | 1 |
| (d) | 1 | 2 | 3 |

**7.** درج ذیل میں سے کون سی لوہے کی دھات کی مثال ہے۔ 1

(a) تانبہ

(b) جستہ

(c) باکسائٹ

(d) نِکل

**8.** درج ذیل میں سے کس نے اسٹیم انجن کو بہتر کیا؟ 1

(a) جیمس واٹ (b) تھامس ایڈیسن

(c) بینجامن فرینکلن (d) الکسینڈر فلیمنگ

**9.** تجارت کی لہر میں تین اہم ترقیات نے جدید دنیا سے قبل (Pre-modern) کی دنیا کو بہت چھوٹا کر دیا۔ 1

درج ذیل متبادل جوابوں میں سے **غلط** جواب کو پہچان کر لکھئے۔

(a) تجارت کی لہر (The flow of trade)

(b) مزدوروں کی لہر (The flow of labour)

(c) سرمایہ کی لہر (The flow of capital)

(d) ٹکنالوجی کی لہر (The flow of technology)

**10.** کیلاش باشنی دیوی، تارابائی شنڈے اور پنڈت تارامابائی کی کتابوں میں درج ذیل میں سے کون سا پہلو ایک جیسا ہے؟ 1

(a) عوام کے لیے معاشی برابری کی مانگ کی

(b) عورتوں کے تجربات پر روشنی ڈالی

(c) کلچرل وراثت کے بارے میں بیدار کیا

(d) ہندوستانیوں کو ان کی قومی آزادی کے لیے ترغیب دی

**11.** درج ذیل کو تاریخی ترتیب کے ساتھ ترتیب دیجئے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔ 1

(I) نپولین جنگ

(II) ویانہ معاہدہ

(III) آزادی کے لیے یونان کی جنگ

(IV) سلطنت اوٹومن میں سلاوا کی قوم پرستی

**جواب :**

(a) III، II، I اور IV (b) I، II، III اور IV

(c) IV، III، II اور I (d) IV، II، III اور I

**12.** درج ذیل میں سے کس ملک میں دو جماعتی نظام (Two Party System) ہے؟ 1

(a) چین (b) روس

(c) امریکہ (d) ہندوستان

**13.** بوکس میں دی گئی معلومات کی مدد سے ہندوستانی حکومت کی انتظامی سطح کو پہچانئے۔اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔ 1

| | |
|---|---|
| 1. | مرکزی اور مقامی حکومتوں کے درمیان تقسیم اختیارات |
| 2. | صوبائی حکومتوں کی مقامی حکومت کو انتظامیہ کے اختیارات اور مالیہ مدد کرنے کی ضرورت ہے۔ |
| 3. | اس کو تیسری سطح کی گورمنٹ کہا جاتا ہے۔ |

**جواب :**

(a) آمرانہ (تاناشاہی) نظام (Dictatorial System)

(b) وحدانی وفاقی نظام (Unitary Federal System)

(c) لامرکزیتی نظام (Decentralized System)

(d) سامراجی نظام (Imperialistic System)

**14.** کالم-A کا کالم-B سے جوڑ ملائیے۔اور صحیح جواب منتخب کیجئے : 1

| | **کالم-A (موضوع)** | | **کالم-B (فہرست)** |
|---|---|---|---|
| (I) | بینک | 1. | مشترکہ فہرست |
| (II) | زراعت | 2. | مرکزی فہرست |
| (III) | تعلیم | 3. | صوبائی فہرست |
| (IV) | کمپیوٹر | 4. | باقی ماندہ اختیارات |

**جواب :**

| | I | II | III | IV |
|---|---|---|---|---|
| (a) | 4 | 3 | 1 | 2 |
| (b) | 3 | 4 | 1 | 2 |
| (c) | 2 | 3 | 1 | 4 |
| (d) | 4 | 2 | 1 | 3 |

15. نیچے دئے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ Assertion (A) اور وجہ Reason (R) دیے گئے ہیں۔ انھیں پڑھئے۔اور صحیح جواب منتخب کیجئے : 1

**دعویٰ Assertion (A)** : سری لنکا نے 'تمل' کو سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم کیا

**وجہ Reason (R)** : سری لنکا کی سرکار نے اکثریت کے تحت کئی اقدامات اٹھائے

**جواب :**

(a) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی

(b) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں۔لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی

(c) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے

(d) (A) غلط ہے لیکن (R) صحیح ہے۔

16. تقسیم اختیارات (Power Sharing) سے متعلق درج ذیل بیانات پر غور کیجئے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔ 1

(I) اکثریت پسندی جمہوریت کی اصل روح ہے۔

(II) یہ مختلف گروپوں میں توازن اور ہم آہنگی بناتا ہے۔

(III) اس سے سماجی فرقوں کے درمیان تنازعات کے امکان کم ہوتے ہیں۔

(IV) تقسیم اختیارات جمہوریت کا نچوڑ ہے۔

**جواب :**

(a) I ، II اور III

(b) II ، III اور IV

(c) I ، III اور IV

(d) I ، II اور IV

17. درج ذیل میں سے کس جوڑے کا صحیح ملان ہے؟ 1

(a) ابتدائی سیکٹر - پھول کی کھیتی کرنے والا

(b) ثانوی سیکٹر - دودھ بیچنے والا

(c) ثالثی سیکٹر - مچھیرے

(d) مینوفیکچرنگ سیکٹر - مالی

18. درج ذیل میں سے فیکٹری میں کام کرنے والے مزدوروں کا کون سا ترقیاتی مقصد ہے؟ 1

(a) بہتر مزدوری (بہتر اجرتیں)

(b) بہتر تکنیک

(c) کام کے زیادہ گھنٹے

(d) زیادہ محنت کا کام

**19.** درج ذیل مواد کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوال کا جواب لکھیے۔ 1

| ہریانہ۔ کیرل اور بہار پر کچھ تقابلی مواد | | | |
|---|---|---|---|
| ریاست | بچوں کی شرح اموات ایک ہزار اشخاص پر | شرح خواندگی % | خالص حاضری تناسب یا فی صد |
| ہریانہ | 30 | 82 | 61 |
| کیرل | 7 | 94 | 83 |
| بہار | 32 | 62 | 43 |

ہریانہ کا خالص غیر حاضری تناسب (فی صد) کتنا ہے؟ صحیح جواب منتخب کیجیے۔

(a) 39 (b) 27 (c) 38 (d) 18

**20.** دنیا میں زیادہ تر لوگ کس قسم کی حکومت کو پسند کرتے ہیں؟ 1

(a) جمہوری (Democratic)

(b) ملٹری (Military)

(c) تاناشاہی (آمرایت) (Dictatorship)

(d) مذہبی (Theocratic)

## حصّہ۔B

## (بہت چھوٹے جواب کے سوال) (4×2=8)

**21.** **(A)** 19 ویں صدی میں مغربی پنجاب میں ہوئی کنہیں دو تبدیلیوں کو بیان کیجیے۔ 2

**یا**

**(B)** جدید تجارت کے دَور سے قبل ریشمی راستہ (Silk Route) کے کوئی دو فائدے بیان کیجیے۔ 2

**22.** ''صنعت کاری (Industrialisation) اور شہر کاری (Urbanisation) دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں'' واضح کیجیے۔ 2

23. ''ہمارے سماج میں عورتیں مختلف طریقوں سے بھید بھاؤ کا سامنا کرتی ہیں۔'' کوئی دو طریقے بیان کیجئے۔ 2

24. ''مختلف لوگوں کی ترقی کے مقاصد مختلف ہو سکتے ہیں'' مثالوں کے ساتھ اس قول کی وضاحت کیجئے۔ 2

## حصّہ-C

## (چھوٹے جواب کے سوال) (5×3=15)

25. فرانسیسی عوام میں ایک اجتماعی شناخت کا شعور پیدا کرنے کے لیے فرانسیسی انقلابیوں کے ذریعے اپنائے گئے کنہیں تین طریقوں کو بیان کیجئے۔ 3

26. انفارمیشن ٹکنالوجی' گلوبلایزیشن کے ساتھ کس طرح جڑی ہوئی ہے؟ وضاحت کیجئے۔ 3

27. ہندوستان کی زراعت کی ترقی کے لیے کی گئیں کوئی تین اداراتی اصلاحات بیان کیجئے۔ 3

28. ہندوستان کی جمہوریت میں علاقائی جماعتوں کے رول کو بیان کیجئے۔ 3

29. (A) منظّم شعبہ (Organized Sector) میں کام کرنے والے لوگوں کو ملنے والے فائدوں کی جانچ کیجئے۔ 3

یا

(B) جانچ کیجئے کہ ملک کی معاشی ترقی میں ''پبلک سیکٹر'' کیسے مدد کرتا ہے۔ 3

## حصّہ-D

## (لمبے جواب کے سوال) (4×5=20)

30. (A) گاندھی جی نے خلافت معاملے کا ہندوؤں اور مسلمانوں کو قومی اتحاد کی تحریک (Unified National Movement) کے سایہ میں لائے گئے موقع کی شکل میں تجربہ کیا'' اس قول کو بیان کیجئے۔ 5

یا

(B) سول نافرمانی تحریک میں خواتین کے حصّہ داری کے رول کو بیان کیجئے۔ 5

31. (A) ہندوستان میں سڑک نقل وحمل کے مسائل کا تجزیہ کیجیے۔ 5

یا

(B) ''ہندوستانی ریلوے ملک کی سماجی۔معاشی زندگی کو بڑھاوا دیتی ہے۔''
اس قول کی جانچ کیجیے۔ 5

32. (A) دیہی معیشت میں 'خودامدادی گروپوں' کے رول کو ثابت کیجیے۔ 5

یا

(B) ''سستا اور قابل استطاعت قرض ملک کی ترقی کے لیے بہت زیادہ ضروری ہے''
اس قول کو ثابت کیجیے۔ 5

33. (A) ''جمہوریت افراد کی آزادی اور وقار کو فروغ دینے میں کسی بھی دوسری طرز حکومت کے مقابلہ زیادہ اعلیٰ مقام رکھتی ہے'' اس بیان کی تائید دلیلوں کے ساتھ کیجیے۔ 5

یا

(B) ''جمہوریت' ایک جواب دہ، ذمہ دار اور قانونی حکومت فراہم کرتی ہے؟''
اس بیان کی تائید دلیلوں کے ساتھ کیجیے۔ 5

## حصّہ-E

## (کیس پر مبنی سوال) (3×4=12)

34. دیے گئے ماخذ کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

### ہندوستان کا لسانی تنوع

ہمارے یہاں ہندوستان میں کتنی زبانیں ہیں۔اس کا جواب شمار کرنے والے پر منحصر ہے۔اس سلسلے میں ہمارے پاس 2011 کی مردم شماری کی تازہ معلومات ہیں۔اس مردم شماری کے مطابق 1300 زبانیں ایسی ہیں جنہیں لوگوں

نے اپنی مادری زبان کی حیثیت سے درج کیا تھا۔ان زبانوں کو کچھ بڑی زبانوں کے تحت گروپ بند طور پر جمع کر دیا گیا۔ مثلاً بھوجپوری، مگدھی، بندیل کھنڈی، چھتیسگڑھی، راجستھانی اور اسی طرح کی دوسری زبانوں کو ہندی کے گروپ میں شامل کر دیا گیا۔اس گروپ بندی کے بعد بھی مردم شماری میں 121 بڑی زبانیں سامنے آتی ہیں۔ان سب میں سے 22 زبانیں ایسی ہیں جنہیں آئین ہند کی آٹھویں فہرست بند میں شامل کیا گیا ہے۔اور انھیں فہرست بند زبانیں کہا جاتا ہے۔باقی کو غیر فہرست بند زبانیں کہتے ہیں۔زبان کی حیثیت سے شاید ہندوستان دنیا کا سب سے زیادہ متنوع ملک ہے۔

(I) ہندوستان میں لسانی تنوع کی اہمیت بیان کیجیے۔ 1

(II) فہرست بند اور غیر فہرست بند (Scheduled and Non-Scheduled) زبانوں میں فرق واضح کیجیے۔ 1

(III) 'زبانوں کو ملا کر ایک کرنے نے ملک کو ایک کلچرل اکائی میں اکٹھا کیا ہے۔' اس قول کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔ 2

**35.** **دیئے گئے کیس کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔**

**اخبار کیوں؟**

'مقامی دلچسپی کے ہر موضوع کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرنے کے مقصد کے پیش نظر پونا کے باشندے کرشناجی ترمبک راناڈے مراٹھی زبان میں ایک اخبار شائع کرنا چاہتے ہیں۔یہ اخبار، عام افادیت، سائنسی تحقیقات، پرانے زمانے کی اشیا، اعداد و شمار، عجائبات، ملک کے مختلف حصّوں کے بارے میں عام طور پر، اور خصوصاً دکن سے متعلق جان کاریاں ہوں گی۔۔۔۔۔عوام کی بہبود اور معلومات کی تبلیغ و ترویج میں دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کی سرپرستی اور معاونت کا خیر مقدم کیا جائے گا۔'

*بامبے ٹیلی گراف اینڈ کوریئر، 6 جنوری، 1849*

’دیسی اخباروں اور سیاسی تنظیموں کا کام لندن کی پارلیمنٹ میں ہاؤس آف کامنس میں حزب اختلاف کے کاموں سے مماثل ہے۔ یعنی حکومت کی پالیسی کو ناقدانہ جانچنا اور عوام کے لیے غیر مفید حصوں کو خارج کرا کے اس کے بہتری کے لیے مشورے دینا اور ساتھ ہی اس کے نفاذ کو یقینی بنانا۔

ان تنظیموں کو خاص خاص مسائل کا محتاط اور غائر مطالعہ کرنا چاہئے ملک و قوم سے متعلق ضروری معلومات اکٹھا کرنا چاہیے ساتھ ہی پسندیدہ اور امکانی اصلاحات کے بارے میں بتانا چاہیے۔ یہ بات یقیناً تنظیم کے اثر و رسوخ میں معتد بہ اضافہ کرے گی۔‘

*نیٹو اوپینین، 3 اپریل، 1870*

(I) کرشنا جی کا اخبار شائع کرنے کا اہم سبب بیان کیجئے۔ 1

(II) دیسی اخبار اور سیاسی تنظیم کے کاموں کو حزب اختلاف کے کاموں سے مماثل کیسے دیکھا گیا؟ 1

(III) انیسویں صدی کے دوران اخباروں کی عوام میں مقبولیت کے اسباب کا تجزیہ کیجئے۔ 2

**36.** **دیے گئے کیس کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔**

**بارش کے پانی کو جمع کر کے رکھنا**

کئی لوگوں کا یہ خیال تھا کہ متذکرہ نقصانات اور بڑھتے ہوئے احتجاج کے پیش نظر سماجی، اقتصادی اور ماحولیاتی نقطۂ نظر سے ان کثیر المقاصد منصوبوں کی جگہ واٹر ہارویسٹنگ سسٹم ایک مفید نعم البدل ہوسکتا ہے۔ قدیم ہندوستان میں، مصنوعی آبی تعمیرات کے ساتھ ساتھ غیر معمولی واٹر ہارویسٹنگ سسٹم کا بھی رواج تھا۔ لوگوں کو بارش کے نظام اور مٹی کے اقسام کے بارے میں گہری معلومات تھیں۔ انہوں نے بارش کے پانی کے وسیع اور ترقی یافتہ طریقۂ کار' زمین دوز پانی، ندی کے پانی اور سیلاب کے پانی اور ان کے ماحولیاتی تقاضوں اور اپنی ضرورتوں کے حساب سے کئی طریقے ایجاد کر لئے تھے۔ پہاڑی اور کوہستانی علاقوں میں لوگوں نے 'گُل' یا 'کُل' (مغربی ہمالیہ) جیسی نلیاں (Diversion Channels)، ندی کے بہاؤ کا راستہ بدل کر کھیتوں میں سنچائی کے لئے بنائی ہیں۔

مغربی ہندوستان خاص کر راجستھان میں پینے کا پانی اکٹھا کرنے کے لئے 'چھت پر بارش کے پانی کا جماؤ'

(Rooftop rainwater harvesting) کا طریقہ عام تھا۔ مغربی بنگال میں سیلاب کے میدانوں میں لوگ اپنے کھیتوں کی سنچائی کے لئے سیلابی رود بار (Inundation Channels) بناتے تھے۔
ریگستانی اور نیم ریگستانی علاقوں میں کھیتوں میں بارش کا پانی اکٹھا کرنے کے لئے گڈّھے بنائے جاتے تھے تاکہ مٹّی کو مرطوب کیا جا سکے۔ اور اکٹھا کئے گئے پانی کو کھیتی کے لئے استعمال کیا جا سکے۔ راجستھان کے ضلع جیسلمیر میں 'کھادن' اور دوسرے علاقوں میں 'جوہڑ' اسکی مثالیں ہیں۔

(I) بارش کے پانی کو جمع کر کے رکھنا (واٹر ہارویسٹنگ سسٹم) ایک مفید نعم البدل (Viable alternative) کیوں ہے؟ 1

(II) 'چھت پر بارش کے پانی کو جمع کر کے رکھنے' کے عمل کو بیان کیجئے۔ 1

(III) قدیم ہندوستان میں واٹر ہارویسٹنگ (پانی کے تحفظ) کے لیے اپنائے گئے کوئی دو طریقے بیان کیجئے۔ 2

## حصّہ - F

## (نقشے کی مہارت پر مبنی سوال) (2+3=5)

**37.** (i) دیے گئے ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکہ میں دو مقامات A اور B دکھائے گئے ہیں۔ دی گئی معلومات کی مدد سے ان کو پہچانئے اور ان کے ساتھ کھینچی ہوئی لائینوں پر ان کے صحیح نام لکھئے۔

(a) وہ جگہ جہاں مہاتما گاندھی نے نیل کی کھیتی کرنے والے کسانوں کے لیے ستیہ گرہ شروع کیا تھا۔ 1

(b) وہ جگہ جہاں انڈین نیشنل کانگریس کا دسمبر 1920 میں اجلاس منعقد ہوا۔ 1

(ii) ہندوستان کے دیے گئے اسی نقشے پر درج ذیل میں سے کنہیں تین کو مناسب علامات سے دکھایئے اور ان کے نام لکھئے۔

(a) ٹہری باندھ 1

(b) نرورہ ایٹمی پاور پلانٹ 1

(c) پونہ سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک 1

(d) ہلدیا بحری بندرگاہ 1

نوٹ:۔ درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء اور طالبات کے لیے سوال نمبر 37 کے بدلے۔ کنہیں پانچ کے جواب لکھیے۔ **(5×1=5)**

(i) اس جگہ کا نام لکھیے، جہاں انڈین نیشل کانگریس کا دسمبر 1920 کا اجلاس ہوا تھا۔ 1

(ii) اس جگہ کا نام لکھئے، جہاں مہاتما گاندھی نے نیل کی کھیتی کرنے والے کسانوں کے لیے ستیہ گرہ شروع کیا تھا۔ 1


(iii) اس ریاست کا نام لکھئے، جہاں نرورہ اٹیمی پاور پلانٹ واقع ہے۔ 1

(iv) اس ریاست کا نام لکھئے، جہاں ٹہری باندھ (ڈیم) واقع ہے۔ 1

(v) اس ریاست کا نام لکھئے، جہاں مُمبئی سافٹ ویرٹکنالوجی پارک واقع ہے۔ 1

(vi) اس ریاست کا نام لکھئے، جہاں ہلدیا بحری بندرگاہ واقع ہے۔ 1

نقشہ سوال نمبر 37 کے لئے




Cut Here یہاں سے کاٹیں Cut Here یہاں سے کاٹیں